راج کمل چتر کا بہترین شاہکار

मौसी



ادا کاران :-
سمتی گپتے۔ نندا۔
ریشماں۔ بیبی ممتاز۔
وغیرہ

قیمت
چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز، دریبہ کلاں دہلی

گانے موسیقی کے لئے

طلعت ارشد

نمبر ۱

رُم رُم جُھم تاروں کے دیپ جلے۔ نیلے آکاش تلے۔
ہم دونوں کی پریت پلے ۔ رُم جُھم......
جھلملاتی ہیں شبنم کی پرچھائیاں   دور پریاں بجاتی ہیں شہنائیاں
چاند کرنوں کی جالی بنیں جھومتا   چاندنی لے رہی دیکھو انگڑائیاں
رُم جُھم.........
آج کلیوں کے من میں نیا گیت ہے..
آج لہروں میں جادو کا سنگیت ہے۔
گونجتی ہر دشا میں نئی راگنی   آج من میں نئی جھومتی پریت ہے
رُم جُھم..........

نمبر ۲

جا ری جا بائی۔ میں دیتوں وداعی
تو جا کے رجھا اپنے سیاں کو۔
ہلی دیوانی یاد کرنا کبھی۔ بھولے سے بھی اپنی میّا کو
جا ری جا بائی...
جھمک جھمک چلی رے نما ۔ ہیا رے ۔ ہیا رے ہو

پریتم کے سنگ ہیں، رنگ جا نا رنگ ہیں ۔ کہنا لو من کی بتیاں ۔
جاری جا رادھا ، کوئی باد ھا ۔ بندھن میں باندھا کنہیا کو
ہولی دیوانی یاد کرنا کبھی ۔ بھولے سے اپنی میا کو ۔ جاری جا بائی ...
جھک جھک چلی رے نیا ۔ ہمارے ۔ ہمارے ہو ۔
گھونگھٹ کو کھینچے ، دوپٹے کئے پیچھے ۔ جاری جا او دلہنیا ...
تو جو چلی تو سنگ لے چلی ۔ میری سپنوں کی رنگین دنیا ۔
ماتھے پہ جھومکا ۔ پائل کا ٹھمکا ۔ مہندی لگی تیرے پیاں کو ۔
ہولی دیوانی یاد کرنا کبھی ۔ بھولے سے بھی اپنی میا کو
جاری جا بائی .....
جھمک جھمک چلی رے نیا ۔ ہمارے ہمارے ہو ۔
اُس گھر میں جا کے کرنا اُجالا ۔ او میرے انگنا کی جیوتی
رستے میں جا تیرے خوشیاں بکھیریں ۔ یہ میری انکھیوں کے موتی ۔
گورو بڑھانا ، کنارے لگانا ۔ دونوں گھروں کی نیا کو ۔
ہولی دیوانی یاد کرنا کبھی ۔ بھولے سے اپنی میا کو ۔ جاری جا بائی ..
جھک جھک چلی رے نیا ۔ ہمارے ہمارے ہو ۔

نمبر ۳

میری گودی میں گوپالا ۔
من میں مگن ہوں انکھیاں میں میچوں

نینوں کی جیوتی، ممتا کا موتی۔ انگنا کا اُجیالا۔ میری گودی....
انگ انگ پی رو ماولی جھومے ۔ لعل میرا جب تن میرا چومے
من میں بلیاں۔ بڑھے کھنیاں۔ لاڈ دُلار سے پالا۔
میری گودی.....

لعل گوپال جو میں نے یہ پایا گودی میں میری ترلوک سمایا
روپ ٹھگے نا نظر لگے نا ۔ ٹیکہ لگاؤں اک کالا ۔ میری گودی....

نمبر ۲

ہے بمبو بمبولو ۔ ہے بمبو بمبولو
بوڑھے بچے، چھوٹے بچے بمبولو ۔ ہے بمبو بمبولو۔
کہیں کا اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا۔
ادھر سے تھوڑا ادھر سے تھوڑا ۔ تال کو توڑا سُر کو مروڑا۔
مار کے چابک بھاگا یا گھوڑا۔
سرپٹ، سرپٹ، سرپٹ سرپٹ، سرپٹ سرپٹ، سرپٹ
رمپمپو، رمپمپو۔ رمپمپو رمپمپو۔
ہے بمبو بمبولو۔ ہے بمبو بمبولو
اپنا مینا ڈیکا ۔ کہاں سے پیارے سیکھا۔
کھلائے جاؤ سب کو مال، ڈبکی ٹیبل گھی کا۔
ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو

کا کا کا کا کا کا کا کا کالے کالے کالے بال

لا لا لا لا لا لا لا لا لا لال لال گال

ٹے ٹے ٹے ٹے ٹے ٹے ٹے ٹیڑھی ٹیڑھی چال

مسٹر جون روشن دان ۔ قلمدان ۔ پان دان ۔ کھان دان ۔ ان دان ۔

دستر دان ۔ سونا دان ، چاندی دان ۔ پیتل دان ۔

دے دان چھوٹے گران ۔

دیکھو لاگا گرہن اب باپ کا نہیں بیٹا رہا اب باپ کا

رمپمپو رمپمپو ۔ رمپمپو رمپمپو ۔

ہے بمبو بمبولو ۔ ہے بمبو بمبولو

واسطہ پڑا ہے تم سے راستہ انوکھا ۔ ہلدی نہ پھٹکری رنگ آئے چوکھا ۔

بھول جاؤ بھیروی ، بھول جاؤ مال کوس

بھول جاؤ جوگیا ، بھول جاؤ چندر کوس ۔

بھول جاؤ تین تال ۔ دھرپد تال ۔ جھپ تال ۔ سب تال ۔ راک راک ۔

راک راک راک راک راک اینڈ رول

بستر گول ۔ پولم پول ۔ بجائے جاؤ ڈھول ،

کھوپڑی ہے خالی ۔ یہ گانا ہے یا گالی ۔

ہندوستانی ہاتھ پہ ولائیتی ہے تالی

رمپمپو رمپمپو ۔ رمپمپو رمپمپو ۔ ہے بمبو بمبولو ۔ ہے بمبو بمبولو ۔

رمبھو رمبھو۔ رمبھو رمبھو۔ ہاتھے بمبو بمبو لو۔ ہاتھے بمبو بمبو لو۔
بوڑھے بچے چھوٹے بچے بمبو لو۔ ہاتھے بمبو بمبو لو۔

نمبر ۵۔ جس کے سر سے اٹھ جائے ماں کی ممتا کا ہاتھ

وہ اناتھ ہے اس اناتھ کی کوئی نہ پوچھے بات
بن میّا کا لعل کہاں جائے رے۔ اسے کوئی نہ کلیجے لگائے رے
ایسی گودی کا سکھ کہاں پائے رے۔ اسے کوئی نہ کلیجے لگائے رے
دنیا اسے ٹھکرائے پگ پگ پہ۔ گھر والے دیں للکار
جس کو ملے نہیں میّا کی گود۔ اسے دنیا کرے نا پیار
لوری گا کے ہاں ہاں لوری گا کے۔ اسے کون سلائے رے۔
بن میّا ... ...
کام کرے تو روٹی ملے۔ نہیں کام کرے تو ملے لات
ماں کے بنا کون پوچھے رے۔ اس کے سکھ دکھ کی گہری بات
کون چھپ کے ہاں کون چھپ چھپ کے۔ دودھ پلائے رے۔
اسے کوئی نا کلیجے لگائے رے بن میّا ......
سانجھ سمے گھر آئے نہ لعل تو۔ میّا ہی گنتی ہے گھڑیاں۔
ماں کے بنا کون جاگے رے رات بھر۔ گھر کی کھولے کیوڑیا۔
ایسی ممتا سے ہاں ہاں۔ ایسی ممتا سے۔ کوئی نہ چھڑائے رے۔
اسے کوئی نہ کلیجے لگائے رے۔ بن میّا ... ...

نمبر ۶

کیا ہو گیا ۔ کیا ہو گیا ۔ یہ کیا ہو گیا ۔
آسمان دھرتی پر ٹوٹا دھرتی دھنسی پاتال میں
ساری دُنیا آج سلگتی دُھو دُھو کرتی جوال میں
کیا ہو گیا ... ...
پنچھی ٹوٹ گیا پنکھ سے ۔ پیپل جل گیا چھاؤں میں
مچھلی نے پی لیا سمندر ، ندیا ڈوبی ناؤ میں
کیا ہو گیا ... ...
سُورج کو جگنوں نے نگلا ۔ دھُوپ کو لگ گئی چھایا
چندا کو ذرے نے چھپایا ۔ میٹھے سے کڑوا پایا ۔
آندھی کو دیپک نے بجھایا
سب کی سب اُلٹی مایا ۔
آسمان والے ۔ او آسمان والے
آسمان والے تیری دھرتی کو چیونٹی نے کھایا
کیا ہو گیا ......

(ختم شد)